پیٹھ دکھائیں گے اور مسلمان فتح یاب ہوں گے۔ شرط یہ تھی ﴿وانتم الأعلون ان کنتم مومنین﴾ مسلمانوں کی حالیہ مغلوبیت ہی کافی دلیل ہے کہ وہ ''مومنین'' کی شرط پر پورا نہیں اتر رہے اور اسی لئے مرگِ مفاجات کا شکار ہیں۔ وہ مومن کی شرط پوری کریں تو نصرتِ الٰہیہ کچھ دور نہیں۔ یہ فیصلے قراردادوں اور ریلیوں سے نہیں ہوتے بلکہ تیغِ جہاد سے ہوتے ہیں جو سیدنا فاروق اعظمؓ نے چلا کر فلسطین کو فتح کیا تھا ہم نے تیغ کی نہیں بلکہ تیغ جہاد کی بات کی ہے، جہاد اسلام میں ہے۔ کسی نیشنل سٹیٹ کے حصول وقیام کیلئے مسلح یا غیر مسلح جدوجہد، جہاد اسلام میں داخل نہیں ہے۔ فلسطینی بھائی اس پہلو پر توجہ دیں اور اپنی جدوجہد کو اسلامی ریاست کیلئے وقف کریں تو اللہ تعالیٰ ضرور نصرت فرمائیں گے۔

خون اور آگ کا شہر

کراچی کی روشنیاں بجھ گئیں اس عروس البلاد کی مانگ اجڑ گئی۔ یہ کب ہوا 80 کی دہائی کی تاریخ اٹھا کر دیکھیں اس کے صفحات پر خون کے چھینٹے نہ دکھائی دیں گے، ایم۔کیو۔ایم کے معرضِ وجود میں آنے کے بعد الطاف حسین کو من مانی کرنے کی کھلی چھٹی دے دی گئی جس نے ڈرل مشینوں کے ذریعے اہل کراچی کا مغزِ استخواں نکالا اور دہشت گردی کی بنیاد رکھی جس کی ابتدا یہ تھی کہ اردو نہ بولنے والوں کے گھروں پر نشان لگائے گئے۔ پٹھانوں اور پنجابیوں کو چُن چُن کر مارا گیا۔ بھتہ خوری دھڑلے سے کی۔ چادر چار دیواری کا تقدس پامال کیا اور باقاعدہ ذبح خانے قائم کئے، جن کی دیواریں اس خون ناحق سے رنگین تھیں، جہاں عوام پر ظلم کے پہاڑ توڑے جاتے تھے۔ اس کا کوئی حل کسی کے پاس نہ ہے، اس کا ایک حل ہے اور وہ فوجی یا پولیس آپریشن نہیں ہے کیونکہ ایم۔کیو۔ایم سابقہ آپریشنز سے یہ تجربہ سیکھ چکی ہے وہ پاک آرمی کے میجر رینک کے آفیسر کو مار چکی ہوئی ہے، یہ حل سراسر سیاسی ہے۔

پاکستان کی ساری سیاسی جماعتیں کیا چھوٹی کیا بڑی، کیا علاقائی اور کیا قومی...... کراچی کو بچانے کیلئے عہد کریں کہ ایم۔کیو۔ایم کے اتحاد سے بلدیاتی، صوبائی یا مرکزی سطح پر حکومت نہ بنائیں گی، بے شک حکومت بنے یا نہ بنے۔ ایم۔کیو۔ایم کو کسی بھی سطح پر شریک اقتدار نہ کیا جائے ان کی راہ روکنے کیلئے جب تک ایم۔کیو۔ایم کو اقتدار سے محروم نہ کیا جائے گا کراچی میں موت کا رقص جاری رہے گا۔ یہی ایم۔کیو۔ایم بھتے کی پرچیاں بانٹتی اور ٹارگٹ کلنگ کراتی ہے اور اسی کے وزراء اور گورنر بھتہ خوروں، چوروں اور قاتلوں کو تھانوں سے چھڑاتے اور پے رول پر رہا کراتے اور بیرون ملک فرار کراتے ہیں، یہ سیاسی جماعتوں کی قومی ذمہ داری ہے کہ ایم۔کیو۔